© rasailojaraid.com

فو الذی نفسی بیدہ ما یخرج منہ الا حقا۔

جس کے ہاتھ میں میری جان ہے نہ اس سے نکلیگا کلام حق (اخرجہ ابو داؤد و تیسیر ص ۹۲)

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال شکی رجل من الانصار الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انی لاسمع منک الحدیث فیعجبنی ولا احفظہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استعن بیمینک و اومأ بیدہ الی الخط وعن ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک انصاری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں شکایت کی اور کہا یا رسول اللہ میں آپ سے حدیث سنتا ہوں اور وہ مجھے پسند آتی ہے مگر مجھے یاد نہیں رہتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے ہاتھ سے مدد لے اور اپنے ہاتھ سے خط کی طرف اشارہ فرمایا۔ (اخرجہ الترمذی تیسیر ص ۹۴)

ما کان فی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر حدیثا منی الا ما کان من ابن عمرو فانہ کان یکتب ولا اکتب

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے کوئی شخص مجھ سے زیادہ حدیث یاد رکھنے والا نہ تھا بجز عبد اللہ بن عمرو بن العاص کے کہ وہ لکھتے تھے اور میں لکھتا نہ تھا۔ (اخرجہ البخاری و الترمذی و تیسیر ص ۹۴)

مفت

ہمایوں کا بے نظیر افسانہ نمبر

ہندوستان میں آج تک افسانوں کی کسی بہتر سے بہتر کتاب میں بھی ایسے مسحور کن دلآویز اور فن کے لحاظ سے بلند معیار افسانے شائع نہیں ہوئے یہ رسالہ نہیں مستقل حیثیت کی ایک بدیع المثال ادبی تالیف ہے ضخامت کتاب۔ طباعت اور کاغذ نفیس رنگین تصویریں خوبصورت سرورق پانچ روپیہ ۵ر سو محصول ڈاک سالانہ چندہ دیکر آپ سال بھر کے پرچوں کے ساتھ افسانہ نمبر اور خوبصورت ۳۵ صفحہ کا ضخیم سالگرہ نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

ملنے کا پتہ منیجر ہمایوں ۲۳۔ لارنس روڈ لاہور

© rasailojaraid.com